نرخرے کی نالیوں کا ورم (برونکائیلائٹس) اور آر ایس وی (سانس سنسیٹئی وائرس)-

یہ مشورےکی شیٹ اس بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے کہ آیا آپ کے بچے میں نرخرے کی نالیوں کا ورم (برونکائیلائٹس) اور آر ایس وی (سانس سنسیٹئی وائرس) کی علامات ہیں تو آپ کو کب فکر کرنی چاہیے اور کہاں سے مدد حاصل کرنی چاہیے۔

اگر آپ کے بچے میں درج ذیل علامات ہیں:	آپ کو فوری مدد کی ضرورت ہے۔	سرخ
رنگ پیلا، دھندلا ہو جاتا ہے اور جسم چھونے پر غیر معمولی ٹھنڈا محسوس ہوتا ہے۔ سانس لینے میں 10 سیکنڈ سے زیادہ کا وقفہ لیتا ہے، سانس لینے میں گلے سے گھرگھرہٹ یا غراٸے کی آواز آتی ہے یا ہونٹ نیلے ہوجا تے ہیں۔ جسم سخت اکڑ جاتا ہے یا بے لچک ہو جاتاہے، بازو یا ٹانگوں میں بار بار جھٹکے لگتے ہیں جو کہ آپ کے پکڑنے سے رکتے نہیں ہیں۔ (مرگی / دورہ)- انتہاٸی بیچین ہو جاتا ہے۔ رونا بہلانے پر بھی نہیں سنبھلتا ہے، الجھا ہوا ، بیجان یا سست لگتا ہے ۔ (بیدار رہنا مشکل ہوتا ہے)- الرجی کے دھبے جلد پر ظاہر ہوتے ہیں جو دباؤ (گلاس ٹیسٹ) سے غائب نہیں ہوتے ہیں بچہ 3 ماہ سے کم عمر کا ہے جس کا درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ یا 100.4 ڈگری فارن ہائٹ یا اس سے زیادہ ہے (تاہم اگر 48 گھنٹوں میں بخار حفاظتی ٹیکے لگانے کی وجہ سے ہے اور سرخ یا زرد چارٹ میں سے کوئی اور علامات نہیں)-	قریبی اسپتال ایمرجنسی (A&E) ڈیپارٹمنٹ میں جائیں یا فون نمبر 999 پر کال کریں۔	

اگر آپ کے بچے میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی علامات ہے :	آپ کو آج ہی ڈاکٹر یا نرس سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہے	زرد
سانس لینے میں دشواری، بشمول ہر وقت تیز سانس لینا؛ سانس لیتے وقت نتھنوں کو وسعت دینا یا پسلیوں کے نیچے پٹھوں کو کھینچنا کھانے/پینے میں دلچسپی نہیں ہے اور/یا پانی کی کمی نظر آتی ہے (خشک منہ، دھنسی ہوئی آنکھیں، آنسو نہیں)غنودگی، پچھلے 8 گھنٹوں میں کوئی گیلی نیپی نہیں یا ڈوبا ہوا نافوخ (فونٹینیل یعنی سر پر نرم جگہ)	براہ کرم اپنے ڈاکٹر/ جی پی سرجری پر کال کریں یا این ایچ ایس 111 پر کال کریں - 111 ڈائل کریں ہم تسلیم کرتے ہیں کہ موجودہ COVID-19 بحران کے دوران، مصروف ترین اوقات میں،	

© Institute of Health Visiting 2022

بچہ میں غنودگی (بہت ذیادہ نیند) اور چڑچڑاپن ہے۔(کھلونوں ، ٹی وی، کھانے یا گود میں اٹھانے پر بھی نہ بہلنا/ سنمھلنا) خاصطور پر اگر بخار اتر جانے کے باوجود غنودگی اور چڑچڑاپن باقی رہے۔

اس کی عمر 3-6 ماہ ہے اور اس کا درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ یا 102.2 فارن ہائیٹ یا اس سے زیادہ ہے [لیکن ٹیکے لگوانے کے 2 دن تک بچوں میں بخار عام ہوتا ہے]

یا اگر اسے 5 دن یا اس سے زیادہ دنوں سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ یا اس سے زیادہ بخار رہتا ہے۔

اگر حالت ذیادہ خراب ہو رہی ہے یا آپ پریشان ہیں۔

صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور تک رسائی میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

اگر علامات 4 گھنٹے یا اس سے زیادہ برقرار رہتی ہیں اور آپ کو اپنے ڈاکٹر GP/پریکٹس کے عملے کے کسی رکن یا NHS 111 کے عملے سے بات کرنے کا موقع نہیں ملا ہے، تو دوبارہ چیک کریں کہ آپ کے بچے میں سرخ چارٹ میں سے کوئی علامات پیدا نہیں ہوئی ہیں۔

اگر مذکورہ بالا علامات میں سے کوئی بھی موجود نہیں ہے:

یہ معمول کی بات ہے کہ ایک نوزائیدہ بچہ چند سیکنڈ کے لئے سانس لینے میں تھوڑا سا وقفہ لیتا ہے، یا مختصر مدت کے لئے تیزی سے سانس لیتا ہے۔ تاہم 6 ہفتوں کی عمر کے بعد انہیں معمول کے مطابق باقاعدگی سے سانس لینا چاہئے۔

اس کے علاوہ نوزائیدہ بچوں کے رونے اور اس سے نمٹنے کے طریقے کے بارے میں معلومات دستیاب ہیں - یہاں **کلک** کریں۔

خود نگہداشت

اپنے بچے کی دیکھ بھال گھر پر فراہم کرنا جاری رکھیں۔ اگر آپ کو ابھی بھی اپنے بچے کی فکر ہے تو اپنے ہیلتھ وزیٹر معنی بچوں کی صحت کے لئے مامور افسر سے بات کریں یا 111- NHS پر کال کریں۔

ڈائل کریں۔111

سبز

برنارڈوز کے اشتراک سے نازنین قریشی نے ترجمہ کیا۔

ہم مرتبہ ساتھی کے جائزہ لینے کی تاریخ۔

© Institute of Health Visiting 2022